فوری ریلیز کے لیے: 2023/14/3 ***KATHY HOCHUL گورنر***

صدر بائیڈن کے گن سیفٹی کے نئے اقدامات پر گورنر KATHY HOCHUL کی جانب سے بیان

"ملک میں خاندانوں کی بڑی تعداد آتشیں اسلحے کے ذریعے کیے جانے والے تشدد سے نقصانات اٹھا چکی ہے۔ میرے آبائی شہر بفیلو سمیت، بہت سی کمیونٹیز جنگ میں استعمال ہونے والے ہتھیاروں سے تباہ ہو چکی ہیں۔ یہ ہماری اخلاقی ذمہ داری ہے کہ ہم کوئی اقدام کریں — اور یہی وجہ ہے کہ نیویارک نے اپنے اسلحہ تحفظ قوانین کو مزید مضبوط کیا ہے اور گھریلو تشدد کرنے والے اور دیگر خطرناک افراد کو روکنے کے لئے سرخ جھنڈے کے قوانین استعمال کرنے کو فروغ دیا ہے تاکہ وہ لوگ نہ خود کو نقصان پہنچا سکیں اور نہ دوسروں کو۔

صدر بائیڈن کا نیا ایگزیکٹو آرڈر نیویارک کے اس نقطہ نظر کو قومی سطح پر اجاگر کر رہا ہے۔ اس ایگزیکٹیو آرڈر میں "سرخ جھنڈے" والے افراد کے متعلق قوانین کو مضبوط کیا گیا ہے، جس کے تحت وفاقی لائسنس یافتہ اسلحہ ڈیلرز کو یہ چیک کرنا لازمی ہوگا کہ آیا کوئی شخص گھریلو تشدد کرنے والا یا سزا یافتہ مجرم تو نہیں ہے۔ اس سے جرائم کا مقابلہ کرنے والے ثابت شدہ ٹولز کے لئے وفاقی وسائل میں اضافہ ہوا ہے، مثلاً National Integrated Ballistics Information Network جسے ہم پورے نیویارک میں جرائم کا تجزیہ کرنے والے مراکز میں استعمال کر رہے ہیں۔ یہ ایگزیکٹیو آرڈر گزشتہ سال کی اس بڑی کامیابی کو مزید تقویت دے رہا ہے جب صدر بائیڈن نے قائد Schumer اور کانگریس کے دو فریقی ارکان کے ساتھ مل کر کئی نسلوں بعد نئی بندوقوں کے متعلق پہلا سیفٹی قانون منظور کرنے کے لیے کام کیا تھا۔ یہ ایگزیکٹیو آرڈر وہ اگلا انتہائی اہم قدم ہے جس کی ہمارے ملک کو ضرورت تھی۔

"عوامی تحفظ میری اولین ترجیح ہے، اور ہم نیویارک کے شہریوں کو بندوق کے تشدد سے محفوظ رکھنے کے لئے کام کرنے سے کبھی نہیں رکیں گے۔"

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418